انڈونیشیا کے وفد کی ملاقات

☆ بعد ازاں حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز محمود ہال میں تشریف لائے۔ یہاں انڈونیشیا سے آنے والے احبابِ جماعت کی حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے ساتھ ملاقات کا پروگرام تھا۔

☆ انڈونیشیا سے امسال 102 افرادِ جماعت مرد وخواتین پر مشتمل وفد آیا تھا۔

☆ حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے وفد کے ممبران سے جلسہ سالانہ کے بارہ میں دریافت فرمایا کہ آپ کو جلسہ کیسا لگا۔ اس پر وفد کے ممبران نے، جن میں زیادہ تعداد خواتین کی تھی، کہا کہ یہ ہمارا یہاں پہلا جلسہ سالانہ ہے، جس میں ہم نے شرکت کی ہے۔ ہمارے ایمانوں اور روحانیت میں اضافہ ہوا ہے۔ جلسہ کے تمام انتظامات نے ہمیں متاثر کیا ہے۔ اتنی بڑی تعداد میں لوگ تھے اور سب کام خاموشی سے ہو رہے تھے۔ یہ جلسہ ہمارے لئے ایک یادگار جلسہ ہے۔

☆ **حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ** بنصرہِ العزیز **نے فرمایا:** جلسہ کے ایام میں آپ لوگ مارکی میں ٹھہرے تھے۔ آپ کے لئے ایک بڑا ایڈونچر تھا۔ اب جلسہ کے بعد آپ بیت الفتوح میں ہیں۔ اس پر وفد کے ممبران نے کہا کہ ہمارا ہر طرح سے خیال رکھا جا رہا ہے اور ہم بہت محفوظ ہو رہے ہیں۔

☆ ایک انڈونیشین IT انجینئر سعودی عرب سے آئے تھے۔ انہوں نے وہاں کے احبابِ جماعت کا سلام پہنچایا۔ حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے فرمایا: ''آپ کی تو ماشاء اللہ ساری فیملی آئی ہوئی ہے۔''

☆ وفد کے ممبران نے باری باری اپنا تعارف کروایا اور ہر ایک نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کی خدمت میں اپنے لئے، اپنی فیملی اور بچوں کے لئے دعا کی درخواست کی۔

☆ حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز نے وفد کے ممبران کو قلم عطا فرمائے اور بچوں کو چاکلیٹ عطا فرمائیں۔

☆ وفد کے تمام ممبران نے فیملی وائز حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے ساتھ تصاویر بنوانے کا شرف بھی پایا۔

☆ انڈونیشین وفد کی حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز کے ساتھ یہ ملاقات گیارہ بجکر 25 منٹ تک جاری رہی۔ بعد ازاں حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز اپنے دفتر تشریف لے آئے۔